سوال

(137)ادائیگی حج کے لئے مانع حیض گولیوں کا استعمال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دوران حج حیض روکنے یا اسے موخر کرنے کے لیے عورت مانع حیض گولیاں استعمال کر سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دوران حج ایام ماہواری کے ڈر سے ایک عورت مانع حیض گولیاں استعمال کر سکتی ہے۔ مگر عورت کی صحت و سلامتی کے پیش نظر ایسا کرنے سے پہلے کسی ماہر ڈاکٹر سے مشورہ کرنا ضروری ہے اور اسی طرح اگر کوئی عورت رمضان المبارک کے روزے لوگوں کے ساتھ رکھنے کے لیے ایسا کرنا چاہے تو بھی یہ جائز ہے۔ دارالافتاء کمیٹی

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

حج اور عمرہ، صفحہ: 151

محدث فتویٰ